حیسکو پریس ریلیز مورخہ :12.01.2022

# حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر نور احمد سومرو کی ہدایات پر پورے حیسکو ریجن کے علاقوں میں بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف کاروائیاں جاری ہیں، S&Iاور DCO کی ٹیموں کی سہون، ٹھٹھ اور مکلی سب ڈویژنوں کے علاقوں میں کارروائیوں کے دوران 212 نادہندگان کے بجلی کنکشن واجبات کی عدم ادائیگی پر منقطع کردیئے گئے ہیں، بجلی چوروں کے 369 کنکشن منقطع کیئے گئے ہیں۔ حیسکو ترجمان

حیدرآباد(      ) حیسکو ترجمان کے مطابق حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر نور احمد سومرو کی ہدایات پر حیسکو ریجن کے تمام علاقوں میں بڑے پیمانے پر بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ اس سلسلے میں سپرنٹینڈنگ انجنیئر آپریشن سرکل لاڑ عبدالغفور شیخ کی سربراہی میں XEN کوٹری مجیب الرحمان سیال نے کارروائیاں کے دوران سہون سب ڈویژن کے علاقوں میں SDO سہون سہیل احمد کُبر نے سہون شہر کی مارکیٹوں اور رہائشی علاقوں میں کارروائی کرتے ہوئے واجبات کی عدم ادائیگی پر 95 نادہندگان کے بجلی کنکشن منقطع کیئے اور بجلی چوروں کے 151 غیر قانونی کنڈہ ہٹائے گئے اور تاریں ضبط کرلی گئی ہیں، اور بجلی چوروں کے خلاف مروجہ قانونی کارروائی کیلئے متعلقہ تھانوں میں بجلی چوری کی ایف آئی آر درج کرانے کیلئے لیٹر بھی جمع کرادیئے ہیں۔ مزید برآں آپریشن سب ڈویژنوں ٹھٹھ اور مکلی کے علاقے میں سرویلینس اینڈ انویسٹی گیشن اور DCO کی ٹیموں نے XEN ٹھٹھ مختیار شاہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر S&I ولیداد چانڈیو نے کارروائیاں میں نادہندگان کے واجبات کی عدم ادائیگی پر 117 بجلی کنکشن منقطع کردیئے گئے اور بجلی چوروں کے 185 غیر قانونی کنڈہ کنکشن موقع پر منقطع کردیئے گئے، جس میں S&I کی ٹیم نے 28 بجلی کنکشن چیک کیئے اور جس 23 میں بجلی چوری پائی گئی، چیکنگ کے دوران 25 کے وی اے کے جو کہ ماشاءاللہ رائس مل کے نزد نصب تھا سے 06 ڈائریکٹ PVC لائن پکڑی گئی اور فوری طور پر منقطع کردیا گیا، 02 میٹر تھری فیز کی لائن ڈائریکٹ پائی گئی، ٹماٹو کیچ اپ پیکنگ مشین بھی دو PVC لائن کے ذریعے چلائی جارہی تھی کنکشن فوری منقطع کرکے تاریں تحویل میں لے لی گئی ہیں، 03 تھری فیز میٹر واش آؤٹ پائے گئے، ہاشم آباد سوسائٹی میں 22 ڈائریکٹ کنڈہ کنکشن منقطع کیئے گئے۔ اس موقع پر S.E لاڑ عبدالغفور شیخ نے بتایا کہ حیسکو چیف کی واضح ہدایات ہیں کہ حیسکو صارفین حیسکو کے محافظ ہیں ہمیں ان کی قدر کرنی چاہیئے، اسی لیئے صارفین سے خوش اخلاقی سے بات کریں، بجلی چوروں کے خلاف محکماجاتی کارروائی عمل میں لائی جائے، نادہندگان کے بجلی کے بلوں کی ادائیگی چیک کرتے ہوئے نادہندگان کو موقع پر ہی فوری بجلی کے بلوں کی اقساط بنا کے دی جائیں، واجبات کی عدم ادائیگی اور بجلی چوری کے خاتمے تک یہ کارروائیاں جاری رکھیں۔ آپ کے تعاون کا متمنی۔ حیسکو



حیدرآباد: حیسکو چیف نوراحمد سومرو کی ہدایات پر پورے حیسکو ریجن کے علاقوں میں بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف کاروائیاں جاری ہیں